<u>مسودہ فلم</u>

ابتدائی عنوان

چھاتی کی اسکریننگ* کے متعلق ایک مختصر فلم۔ *وسطی اور مشرقی لندن بریسٹ اسکریننگ سروس کی جانب سے۔

زہرہ علی **CELBSS**، انتظامی ٹیم

میرا نام زہرہ ہے اور میں وسطی اور مشرقی لندن بریسٹ اسکریننگ سروسز میں کام کرتی ہوں، میں یہاں ڈیڑھ سال سے ہوں۔

ہمارے اہم ترین فرائض میں سے ایک چھاتی کی اسکریننگ کے بارے میں غلط روایات کو دور کرنا، خاص طور پر چھاتی کے ایکس رے سے متعلق اور جو اس سے مشروط ہے اور اس کے علاوہ چھاتی کے سرطان کے متعلق غلط فہمیوں کو دور کرنا ہے۔

زیادہ تر خواتین اس بارے میں بات کرنا پسند نہیں کرتیں لیکن آٹھ میں سے ایک کو ان کی زندگی کے کسی لمحے میں چھاتی کے سرطان کی تشخیص کی جاتی ہے۔ تاہم، چھاتی کی اسکریننگ کی ٹیکنالوجی میں بہتری اور نئے علاج دستیاب ہونے کی وجہ سے، زندہ بچ رہنے کی شرح بڑھ رہی ہے۔

اسکرین پر تصویر

آٹھ میں سے ایک عورت کو اس کی زندگی* میں چھاتی کا سرطان تشخیص کیا جاتا ہے۔ *کینسر ریسرچ یو کے

رسیپشنسٹ

براہ مہربانی تشریف رکھیے اور ہم آپ کو کچھ دیر میں بلاتے ہیں۔

اسکرین پر تصویر

بریسٹ اسکریننگ کلینک، سینٹ بارتھولومیوز ہسپتال، دی سٹی۔

کرسٹین، بریسٹ اسکریننگ کے لیے حاضر

بہت بہت شکریہ۔

اسکرین پر تصویر

80 فیصد چھاتی کا سرطان 50* سال سے زائد عمر کی خواتین میں تشخیص کیا جاتا ہے۔ *کینسر ریسرچ یو کے

ڈاکٹر منسی، کنسلٹنٹ ریڈیالوجسٹ

ہم، خواتین جن کی عمر پچاس سال یا زائد ہو کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ہر تین سال بعد اسکریننگ کے لیے تشریف لائیں۔ 80 فیصد چھاتی کا سرطان اس عمر کے گروپ میں تشخیص کیا جاتا ہے لہٰذا ان کے لیے یہ بہت اہم ہے کہ وہ چھاتی کی اسکریننگ کے لیے ملاقات پر حاضر ہوں۔

اسکرین پر تصویر

چھاتی کی اسکریننگ میں چھاتی کا ایکس رے کروانا شامل ہے (جسے میموگرام بھی کہتے ہیں) ہر تین سال میں ایک مرتبہ۔

کترینہ، ریڈیالوجسٹ

کرسٹین ہاجسن

زہرہ علی **CELBSS**، انتظامی ٹیم

بہت سی خواتین کو پردے کے متعلق خدشات ہوتے ہیں اور ہم انہیں یقین دہانی کروانا چاہتے ہیں کہ اگرچہ ان کے لیے اپنی چھاتیوں کو تھوڑی دیر کے لیے ظاہر کرنا ضروری ہے لیکن یہ پردے والی جگہ پر اور کسی خاتون کے ساتھ ہو گا۔

ایک مشورہ جو ہم انہیں دیتے ہیں وہ یہ ہے کہ جب وہ ایکس رے کے لیے آئیں تو ایسا لباس ملبوس کریں جو اوپر اور نیچے کا علیحدہ ہو نہ کہ ایک ہی لبادہ ہو، اس طرح ان کے لیے کپڑے اتارنا اور سادگی برقرار رکھنا آسان ہو جائے گا۔

اسکرین پر تصویر

ہماری تمام ریڈیوگرافر خواتین ہیں

کترینہ، ریڈیالوجسٹ

میں کترینہ ہوں اور یہاں بارٹس ہسپتال کے ریڈیوگرافروں میں سے ایک ہوں۔

جب میں کسی خاتون کو ایکس رے روم میں لے کر جاتی ہوں میں انہیں کاروائی کی وضاحت کرتی ہوں اور انہیں کمر سے اوپر کپڑے بشمول ٹاپ اور برا اتارنے کے لیے کہتی ہوں۔ میموگرام میں چھاتی کے ایکس رے کیے جاتے ہیں، جو چار مرتبہ لیے جاتے ہیں: ہر چھاتی کے لیے دو ایکس رے۔

ہم چھاتی کو ایک سطح جسے بَکی ٹیبل کہا جاتا ہے پر رکھتے ہیں اور کچھ سیکنڈ کے لیے اسے دباتے ہیں۔ یہ کچھ بے آرامی کا سبب بن سکتا ہے لیکن عموماً صرف چند لمحات کے لیے ہوتا ہے۔

کرسٹین، بریسٹ اسکریننگ کے لیے حاضر

یہ وقتی طور پر بے آرامی کا باعث ہے لیکن ایکس رے اتنی جلدی ہوتا ہے کہ چند سیکنڈ میں ختم ہو جاتا ہے اور پھر وہ دوسرا زاویہ لے کر دوبارہ یہی کرتے ہیں۔ لیکن حقیقتاً، آپ اسکریننگ مرکز پہنچنے سے لے کر سب کچھ کروا لینے تک بیس منٹ یا گھنٹے کا چوتھائی حصہ صرف کرتے ہیں۔

ڈان، بریسٹ اسکریننگ کے لیے حاضر

جب میری بہن کو سرطان ہوا، اسے معلوم نہیں تھا کیونکہ اس کی اسکریننگ نہیں کی گئی تھی۔ شاید اگر اس کی اسکریننگ کی گئی ہوتی تو وہ اسے جلد دریافت کر لیتے اور ہمارے لیے نتائج بہتر ہوتے۔ لہٰذا میں کہوں گی، میں اسکریننگ کے لیے جاتی ہوں اور میں اس سے بہت کچھ حاصل کرتی ہوں۔ اس سے مجھے ذہنی سکون ملتا ہے اور پھر سے یقین دہانی کہ، اگر انہیں کچھ ملا، اس کا جلد علاج ہو سکے گا۔

ڈمفنا، بریسٹ اسکریننگ کے لیے حاضر

اس نے مجھ سے بات کی، جانچ کی کہ میں پرسکون ہوں یا اگر میں کسی لمحے رکنا چاہتی ہوں، اس طرح میں نے حقیقتاً محسوس کیا کہ اس کاروائی میں میرے پاس بھی کچھ حد تک کنٹرول تھا۔

کترینہ، ریڈیوگرافر

ٹھیک ہے، تو آپ کو آپ کے نتائج تین ہفتوں کے اندر بذریعہ ڈاک موصول ہو جائیں گے، ٹھیک ہے؟

اسکرین پر تصویر
آپ کو اڑھائی سے تین ہفتے کے درمیان نتائج بذریعہ ڈاک موصول ہوں گے

ڈاکٹر پوروشوتھیمین، کنسلٹنٹ ریڈیالوجسٹ

لہٰذا اس وقت میں یہ کر رہی ہوں کہ میں مریض کے نئے میموگرام کا اس کے پرانے میموگرام سے موازنہ کر رہی ہوں، جو تین سال قبل لیا گیا تھا۔ میں دیکھ سکتی ہوں کہ کسی چیز میں تبدیلی نہیں آئی جو کہ دوبارہ یقین دہانی ہے۔ اگر ہمارے پاس پچھلے میموگرام موجود ہوں تو پرانی فلموں کے موازنے سے ہمیں دقیق خلاف معمول صورت کے چناؤ میں زیادہ آسانی ہو جاتی ہے۔ ایک میموگرام میں دیکھی گئی باریک خلاف معمول صورت ممکن ہے کہ مریض کو کم از کم ایک یا دو سال کے عرصہ تک محسوس نہ ہو۔ یہ اضافی وقت زندہ بچنے کی شرح بہت حد تک بہتر کر دیتا ہے اور یہ ہمارے لیے خواتین کی ہر تین سال بعد اسکریننگ کرنے کی اہم وجوہات میں سے ایک ہے۔

اسکرین پر تصویر

باقاعدہ اسکریننگ سے جلد دریافت اور مریض کا اس سے نجات پانے* کا امکان بڑھتا ہے۔ *این ایچ ایس بریسٹ کینسر اسکریننگ پروگرام۔

زہرہ علی **CELBSS**، انتظامی ٹیم

جتنا ممکن ہو ہم شام اور اختتام ہفتہ اور اسی طرح مختلف مقامات پر کلینک چلاتے ہیں۔ جو کچھ بھی مریضوں کے لیے آسان ہو واقعی، ہم انہیں سہولت دینے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

دعوت موصول ہونے پر اگر آپ دی گئی تاریخ، وقت یا مقام سے خوش نہ ہوں آپ ہمیں کال کر کے ہم سے رابطے میں رہ سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ سے دوبارہ بکنگ کروا سکتے ہیں۔

اسکرین پر تصویر

ہم آپ کی سہولت کے لیے شام اور اختتام ہفتہ کو کلینک کھلا رکھتے ہیں۔

اسکرین پر تصویر

بہت سے مقامات پر ہمارے اسکریننگ یونٹ بشمول موبائل اسکریننگ مراکز بھی موجود ہیں۔

اسکرین پر تصویر

20 میں سے 19 خواتین جن کی اسکریننگ کی جاتی ہے ان کے نتائج بالکل ٹھیک* ہوتے ہیں۔ *این ایچ ایس مرکز معلومات۔

ڈاکٹر منسی، کنسلٹنٹ ریڈیالوجسٹ

ہم جانتے ہیں کہ جب خواتین کو چھاتی کی اسکریننگ کے لیے آنے کا دعوت نامہ موصول ہوتا ہے تو وہ پریشان ہو جاتی ہیں۔ تاہم، بیس میں سے انیس خواتین جو اسکریننگ کے لیے آتی ہیں ان کے نتائج مکمل طور پر ٹھیک ہوتے ہیں۔ وہ جنہیں دوبارہ آنے کے لیے کہا جاتا ہے، ان میں سے بھی زیادہ تر بالکل ٹھیک ہوں گی مزید تجزیے کے ساتھ جو کسی اہم مسئلے کی نشاندہی نہ کرے۔

ڈاکٹر منسی، کنسلٹنٹ ریڈیالوجسٹ

سرطان کی کم شرح اس لیے ہے کہ ان خواتین، نے اسکریننگ کروائی، بیماری جلد دریافت ہو گئی اور اس وجہ سے مکمل طور پر صحت یاب ہونے کے زیادہ قریب ہے اور ساتھ ہی یہ کہ ان کی آئندہ زندگی کی امید پر کسی قسم کا اثر نہ پڑے۔

زہرہ علی **CELBSS**، انتظامی ٹیم

خصوصاً اسکریننگ کے ذریعے چھاتی کے سرطان کی جلد دریافت سے اپنے ہی خاندان میں خواتین کا فائدہ دیکھنے پر، میں ہمیشہ اپنی ماں کو ان کی اسکریننگ ملاقات پر جانے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ پچاس سے ستر سال کی عمر کی خواتین کے لیے میرا پیغام ہو گا کہ اپنی صحت کے بارے میں سوچیں، اپنے خاندان کے بارے میں سوچیں اور اپنی چھاتی کی اسکریننگ پر باقاعدگی سے حاضر ہوں۔

اختتامی عنوان

باقاعدہ اسکریننگ زندگیاں بچاتی ہے۔ وسطی اور مشرقی لندن بریسٹ اسکریننگ سروس۔